نظم: 1

مٹی کا دیا

چوتھی جماعت

ا۔ نظم لکھیے:

جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سر راہ لا کے روشن کر دیا

تا کہ رہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
راہ سے آسان گزر جائے ہر اک چھوٹا بڑا

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

گر نکل کر اک ذرا، محلوں سے باہر دیکھئے
ہے اندھیرا گھپ، درو دیوار پر چھایا ہوا

سرخ رو، آفاق میں وہ رہ نما مینار ہیں
روشنی سے جن کی ملاحوں کے بیڑے پار ہیں

II۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

ا۔ جھٹ پٹے کا وقت: شام کا وقت۔ ۲۔ سر راہ: راستے پر۔ ۳۔ راہ گیر: راستہ چلنے والا۔
۴۔ پردیسی: دوسرے دیس کا مسافر۔ ۵۔ جھاڑوں: جھاڑ کی جمع، مشعل۔
۶۔ فانوس: ایک قسم کی شمع۔ ۷۔ سرخ رو: کامیاب۔ ۸۔ بیڑا: کشتی یا جہاز۔
۹۔ گھپ اندھیرا: بہت سخت اندھیرا۔ ۱۰۔ بیڑا پار ہونا: مشکل آسان ہونا۔
۱۱۔ آفاق: افق کی جمع، آسمان کے کنارے۔ ۱۲۔ ملاحوں: ملاّ کی جمع، کشتی چلانے والا۔
۱۳۔ رہ نما مینار: سمندری جہاز اور کشتیوں کو راستہ دکھانے والے روشنی کے مینار۔

III۔ ذیل میں دیئے گئے مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجئے:

ا۔ جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا۔ ۲۔ ایک بڑھیا نے سر راہ لا کے روشن کر دیا۔
۳۔ یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے۔ ۴۔ روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا۔

IV۔ مناسب جوڑ لگائیے:

ب	الف
ایک بڑھیا نے سر راہ لا کے روشن کر دیا	ا۔جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا	۲۔یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے
راہ سے آسان گزر جائے ہر اک چھوٹا بڑا	۳۔تا کہ راہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
روشنی سے جن کی ملاحوں کے بیڑے پار ہیں	۴۔رخ رو، آفاق میں رہ نما مینار ہیں

V۔ و کا استعمال کرتے ہوئے مثال کے مطابق مرکبات بنائیے:

مثال: عجیب و غریب

ا۔امیر و غریب ۲۔عیش و آرام ۳۔ذکر و فکر ۴۔صبر و کرم

۵۔حرام وحلال ۶۔شام و سحر ۷۔در و دیوار

VI۔ان سوالوں کے جواب لکھیے:

ا۔ بڑھیا نے مٹی کا دیا کہاں لا کے روشن کر دیا؟

ج۔ بڑھیا نے مٹی کا دیا سر راہ لا کے روشن کر دیا۔

۲۔محلوں کے باہر کیا چھایا ہوا ہے؟

ج۔محلوں کے باہر گھپ اندھیرا چھایا ہوا ہے۔

۳۔ کس وقت بڑھیا نے دیا روشن کر دیا؟

ج۔ شام کے وقت بڑھیا نے دیا روشن کر دیا۔

۴۔راہ سے آسان کون گزر جائے؟

ج۔راہ سے آسان ہر یک چھوٹا بڑا گزر جائے۔

۵۔روشنی کس کے اندر رہی؟

ج۔روشنی محلوں کے اندر رہی۔

VII۔ان الفاظ کے اضداد لکھیے:

ا۔بوڑھیا=جوان ۲۔اندھیرا=اجالا ۳۔اندر=باہر ۴۔بہتر=بدتر

۵۔جھونپڑی = محل

VIII۔بوجھو تو میں کون ہوں:

ا۔ایک ہے ایسا کاری گر دیکھا اس کا خوب ہنر

پتلے وہ دن رات بنائے ایک سے ایک نہ ملنے پائے

ج۔اللہ تعالیٰ

۲۔ایک سمندر تمیں جزیرے بکھرے ان میں موتی ہیرے

جو بھی ان کی سیر کو جائے مفت میں ہیرے موتی پائے

ج۔ قرآن مجید

۳۔ چار رانیاں اور ایک راجا　　　ہر اک کام ہے ان کا ساجھا

ج۔ ہاتھ کا پنجہ

۴۔ ہری ہری پانی میں گھولی　　　لال بنی جب مٹھی کھولی

ج۔ مہندی

@@@@@@@@@@@@@